DAILY CENTURY EXPRESS

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ

اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، ملتان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، سرگودھا، رحیم یار خان، سکھر اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ

ماحول صاف رکھنے کی فکر ناگزیر ہوگئی، منیر بادینی

آئی یو سی این 6 سالہ پروگرام کے تحت 6 اضلاع میں کام کا آغاز کر چکا، زبردست بنگش

”منصوبوں کے ماحول پر منفی اثرات کا جائزہ“ کے عنوان سے ورکشاپ کی افتتاحی تقریب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) موجودہ دور میں سائنس اور ٹیکنالوجی اپنے عروج تک پہنچ چکی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ بعض ضروری اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے ماحول پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ لہذا اگر اس غیر معمولی صورتحال میں ہم نے اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی فکر نہ کی تو ہماری آئندہ نسلوں کو اس کی بہت بڑی قیمت ادا کرنی پڑے گی۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی سیکریٹری ماحولیات منیر احمد بادینی نے بین الاقوامی تنظیم برائے ماحول کے زیر اہتمام انوائرمنٹل ایمپکٹ اسٹیٹمنٹس (منصوبوں کے ماحول پر منفی اثرات کا جائزہ) کے عنوان سے منعقدہ دو روزہ ورکشاپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ میٹا فزکس آف انوائرمنٹ کو سمجھنا ہمارے لیے بہت ضروری ہے کیونکہ پیدائش سے موت تک ہم ماحول کے ساتھ وابسطہ ہیں جس میں تمام امور کو ماحول کے حوالے سے سمجھنا شامل ہے، زبردست خان بنگش نے کہا کہ آئی یو سی این بلوچستان میں پی ایس ڈی پی کے نام سے چھ سالہ پروگرام کے تحت صوبے کے چھ اضلاع میں کام کا آغاز کر چکا ہے، احمد سعید نے پروگرام کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اس دو روزہ ورکشاپ کا مقصد بڑے منصوبوں کے ماحولیات پر اثرات کا جائزہ لینا ہے، انھوں نے کہا کہ ملکی سطح پر ہالینڈ کمیشن برائے ماحول کے تعاون سے ایک منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے۔

کوئٹہ، آئی یو سی این کے زیر اہتمام بلوچستان میں ماحولیاتی حکمت عملی کے حوالے سے منعقدہ ایک روزہ ورکشاپ کے اختتام پر شرکا کا سیکریٹری ماحولیات منیر بادینی اور زبردست خان بنگش کے ہمراہ گروپ فوٹو (فوٹو ایکسپریس)